© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**مصحف** ماہوار صحیفہ زیر ادارت جناب شاکر نائطی صاحب وغیرہ ۔ چندہ سالانہ تین روپیہ ضخامت ۲۵ صفحات ۔ ملنے کا پتہ :۔ عمرآباد ضلع شمالی ارکاٹ ۔

مدراس میں اردو زبان کے ادبی ذوق کو ترقی دینے کی کوششیں ایک زمانہ سے ہو رہی ہیں، شفق، سفینہ اور بشریٰ کے نام سے تین رسالے یکے بعد دیگرے اسی غرض کے لیے نکالے جا چکے ہیں مگر اہل ملک کی بے التفاتی نے ان کوششوں کو ناکام کر دیا۔ اب اسی دور دراز صوبے میں جہاں شائد ہندی کے جاننے والے انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں، ہندی زبان کو فروغ دینے کے لیے انفاق مال اور گرمی عمل دونوں سے کام لیا جا رہا ہے، اور اس رنگ کو دیکھ کر اردو کے حامیوں کی آنکھیں پھر کھلی ہیں۔ "مصحف" کی اشاعت اسی بیداری کا نتیجہ ہے۔ خدا کرے کہ یہ بیداری پائدار ہو، اور اہل مدراس صرف ایک مصحف ہی کی اشاعت پر قناعت نہ کریں بلکہ اردو زبان کو اپنے صوبے میں پھیلانے کے لیے دوسری مفید تدبیریں بھی عمل میں لائیں۔ ہمیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ مصحف میں لکھنے والے زیادہ تر مدراسی حضرات ہیں۔ اور ادبی حیثیت سے ان کی تحریروں کا معیار کسی طرح بھی شمالی ہند کے انشا پردازوں سے فروتر نہیں ہے۔ رسالے کی ترتیب اور مضامین کے انتخاب میں ابھی بہت کچھ ترقی کی ضرورت ہے لیکن فی الجملہ یہ ایک پاکیزہ اور سنجیدہ رسالہ ہے۔

**شاہکار** ماہوار مجلہ زیر ادارت جناب مولانا تاجور نجیب آبادی و حضرت راشد ایم اے۔ قیمت سالانہ چھ روپیے ۔ دفتر شاہکار، مزنگ، لاہور۔

ہندوستان کے بلند پایہ ادبی پرچوں میں اس پرچہ کا اضافہ حال ہی میں ہوا ہے۔ اردو ادب کی قریب قریب جملہ اصناف کے متعلق چیدہ اور مختصر مضامین اس میں شائع ہوتے ہیں۔ کثرت مضامین اور تنوع کے لحاظ سے



© rasailojaraid.com